www.aghazesafar.com / dailyaghazesafar@gmail.com

A B C Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت REG.M-317

DAILY AGHAZ-E-SAFAR MULTAN

روزنامہ آغازِ سفر ملتان

چیف ایگزیکٹو محمد ذوالفقار ایڈیٹر امتیاز ذوالفقار

جلد نمبر 12 | جمعۃ المبارک 8 جمادی الاول 31 اکتوبر 2025ء، 1447ھ، 16 کاتک (صفحات 8 قیمت 30 روپے) | شمارہ نمبر 71

وفاقی محتسب کا حکم، غریب کسان کو 12 لاکھ کے واجبات ادا

فوری اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کرنا مشن جو بلا تاخیر جاری رہے گا، ڈاکٹر محمد زاہد

ملتان (وقائع نگار خصوصی) وفاقی محتسب پاکستان، اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سٹیٹ لائف انشورنس نے غریب کسان کو بارہ لاکھ اسی ہزار روپے کے واجبات ادا کر دیے۔ تفصیل کے مطابق ایک غریب کسان نے وفاقی محتسب ملتان آفس میں درخواست دی کہ اس کی بیوی کا انتقال دو سال پہلے ہو چکا ہے، اور اس نے تمام ضروری دستاویزات متعلقہ ادارے کو جمع کروا دی تھیں، مگر تاحال بیمہ پالیسی کے واجبات ادا نہیں کیے جا رہے۔ جس پر اس معاملے کی تحقیقات ریجنل ہیڈ ملتان ڈاکٹر محمد زاہد ملک نے کی اور سٹیٹ لائف کو جلد از جلد متعلقہ واجبات ادا کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے غریب کسان کو بارہ لاکھ اسی ہزار روپے کا چیک جاری کر دیا۔ جس پر متاثرہ کسان نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی اور ڈاکٹر محمد زاہد کا دل سے شکریہ ادا کیا اور اس اقدام کو غریبوں کی مدد اور مفت انصاف کی مثال قرار دیا۔ ڈاکٹر زاہد نے مزید کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ اعجاز احمد قریشی کی سربراہی میں ہمیشہ غریبوں کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرتا رہے گا۔

ملتان: وفاقی محتسب کے ڈاکٹر محمد زاہد غریب کسان کو انشورنس کمپنی سے واجبات ادا کرواتے ہوئے